Roll No.....................

Total Number of Pages: 04

Total Number of Questions: 07

# Class 8th

# Term 2nd 2019

**Series-A**

## URDU اُردو

میقات۔ثانی　　　　وقت۔ڈھائی گھنٹے　　　　نمبرات۔40

نوٹ۔سوالنامے میں دیئے گئے تمام سوالات لازمی ہے۔

## تفہیمی سوالات (Long Answer Questions)

سوال نمبرا۔ درج ذیل اشارات کو ذہن میں رکھ کر کسی ایک موضوع پر دس جملے لکھیے۔

(ا) کُتب بینی کا رواج ختم نہیں ہوا بلکہ طریقہ بدل گیا اب زیادہ تر الیکٹرانک کتاب پڑھی جاتی ہے جس میں سب سے مشہور کتاب فیس بک ہے۔فیس بک زندگی کی ایک کھلی کتاب ہے۔جس کے بے شمار فائدے اور نقصانات ہیں۔کسی بھی انسان کی شخصیت کو پرکھنے کے لئے اس کا فیس بک اکاونٹ بہت مددگار ثابت ہوتا ہے۔

(اا) پڑھی لکھی عورت گھر کو جنت بناتی ہے۔مرد کی تعلیم صرف ایک شخص کی تعلیم ہے جب کہ عورت کی تعلیم ایک خاندان اور بعد میں پورے سماج کی تعلیم ہے۔تعلیم نسواں کے لئے مناسب اور متوازن ماحول فراہم کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔

(ااا) انسان اپنے خالق کو پہچانتا ہے۔انسان نے ستاروں اور سیاروں کو سر کیا، بر اور بحر کے تمام راز ٹٹولے، پہاڑوں کی چوٹیوں پر بسیرا کیا۔ ہوا اور فضاء پر قبضہ جمایا۔یہ سبھی کارنامے تو علم کی وجہ سے ہی ممکن ہوئے۔آپ کا کیا خیال ہے۔

7

سوال نمبر۲۔ آپ کو پڑھائی کا بہت شوق ہے لیکن گھر کی مالی حالت ٹھیک نہیں ہے۔ اپنے ہیڈ ماسٹر کے نام فیس معاف کرنے کی درخواست لکھیں۔

یا

پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیل کود بھی ضروری ہے اپنے بھائی پر خط کے ذریعے کھیلوں کی اہمیت واضح کیجیے۔ 5

## مختصر جوابات والے سوالات (Short Answer Questions)

سوال نمبر۳۔ درج ذیل سوالات میں سے چار کے جوابات لکھیے۔

* آٹھ راست راہوں سے کیا مراد ہے؟ (گوتم بدھ)
* آزادی ملنے کے بعد ہم خود کو کیسا محسوس کرتے ہیں؟ (ہماری تاریخ)
* ایک کمپیوٹر کو کتنے حصّوں میں بانٹا جاسکتا ہے؟ (کمپیوٹر کا ارتقائی سفر)
* دھویں کو خطرناک کیوں کہا گیا ہے؟ (ماحولیاتی آلودگی)
* وادی کشمیر میں زعفران کی کاشت کہاں کہاں کی جاتی ہے؟ (زعفران)
* جامبھولوچن کیسا راجا تھا؟ (راجا جامبھولوچن)

6.

سوال نمبر۴۔ (الف) دئے گئے الفاظ سے بند کو مکمل کیجیے؟

مقابل۔ تاریخ۔ اہنسا۔ نانک

تیری ۔۔۔۔ ہے قرآن کا گیتا کا ورق۔

آشتی امن ۔۔۔۔ کے اصولوں کا سبق۔

دہر سے اپنا ۔۔۔۔ کوئی اب تک نہ اُٹھا۔

کوئی گوتم کوئی چشتی کوئی ۔۔۔۔ نہ اُٹھا۔ 4

(ب) کالم (الف) اور کالم (ب) میں موجود الفاظ کو معنیٰ و دیگر مناسبت سے جوڑ دیجیے؟

| | |
|---|---|
| یوگ | انگریز |
| یوری گیگارین | شمالی ہندوستان کا ایک شہر |
| کپل وستو | مذہبی عبادت |
| فرنگی | روسی خلاباز خاتون |

2

سوال نمبر ۵۔ (الف) درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کرو؟ (صرف چار کے)

گُل کاریاں، ٹھان لینا، باغ عدن، فراموش کرنا۔ شرین بیانی۔ پہل کرنا

4

(ب) غلط جملوں کو درست کریں۔

۱۔ آبِ زمزم کا پانی میٹھا ہے۔

۲۔ رشید نے بے فضول بات کی۔

۳۔ ہمارا وتن خوبصورت ہے۔

3

سوال نمبر ۶۔ (الف) سخی، صفت ہے اور اس کا اسم ہے سخاوت۔ درج ذیل اسموں کے صفت بنائے؟

ایمان، عقل، فیاضی، ذہن، دولت، طاقت

یا

صفت کی تعریف کیجیے۔ اور صفت کے اقسام لکھیے؟

3

(ب) درج ذیل الفاظ کی ضد لکھیے ؟۔

خالق۔آسمان۔دور۔جنت

2

سوال نمبر ۷۔ (الف) درج ذیل الفاظ کے جمع لکھیے ؟

قصبہ۔شاعر۔ادیب۔مندر

2

(ب) تذکیر و تانیث کیجیے؟

2 رانی۔والد۔شوہر۔بادشاہ